از دفتر مہتمم جنگلات حویلی فاریسٹ ڈویژن
محکمہ جنگلات آزاد جموں و کشمیر

شارٹ ٹینڈر نوٹس

محکمہ جنگلات علاقائی ڈویژن حویلی کو مالی سال 2019-20 کے لیے رجسٹرڈ A,B,C, کلاس ٹھیکیداران جن کا NTN نمبر جاری ہوا ہو اور وہ بلیک لسٹ نہ ہوئے ہوں (معہ بیان حلفی) [redacted] حویلی فاریسٹ ڈویژن سے نکاسی و برآمدگی گچھی کے لیے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو کہ زیر دستخطی کے نام ڈاک یا ٹینڈر بکس میں مورخہ 04-05-2020 بوقت دن 12 بجے دن موصول ہونے چاہیں۔ موصول ٹینڈر اسی روز حاضر ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ہر ٹینڈر کے ہمراہ زر بیعانہ کی رسید مکفول بحق زیر دستخطی شامل کرنا ضروری ہوگی جس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

تفصیل ٹینڈر

نمبر شمار	نام پیداوار	نام ڈویژن	زر بیعانہ	معیاد
1	نکاسی و برآمدگی گچھی	حویلی ڈویژن	70000/-	30-06-2020

پیشگی اہلیت و شرائط

۱۔ گچھی کی نکاسی و برآمدگی کے لیے بالمقطع رائیلٹی کی بنیاد پر ٹینڈر دینا ہوگا صرف رجسٹرڈ ٹھیکیداران ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔

۲۔ پینڈنگ کاغذات و ٹینڈر فارم پر دینا ہوگا جو دفتر ہذا میں موجود کلریکل سٹاف سے بالعوض فیس ناقابل واپسی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ ہر ٹینڈر کے ہمراہ شیڈول بنک کی رسید بطور زر بیعانہ مکفول بحق راقم الحروف شامل کرنا ہوگی جس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ ٹینڈر کی منظوری کی صورت میں رقم زر بیعانہ رائیلٹی میں مجرا دی جائے گی یا رقم رائیلٹی مع ٹیکسز جمع کرانے پر زر بیعانہ واپس کر دیا جائے گا جو Single Stage One Envelope Procdure کی بنیاد پر ہوگا۔

۴۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے 14 ایام کے اندر اندر رقم رائیلٹی جمع کرانے کے ساتھ ساتھ تحت قواعد ٹھیکہ کی مالیت پر 5% بطور زر ضمانت جمع کروا کر محکمہ کے ساتھ اقرار نامہ کرنے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں زر بیعانہ بحق سرکار ضبط ہوگا اور مقررمعیاد کے اندر رقم جمع کروانے کی صورت میں ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ بھی کیا جائے گا

۵۔ جمع شدہ رائیلٹی کے خلاف برآمدگی گچھی/مشروم کی مقدار کم ہونے کی صورت میں محکمہ ذمہ دار ہوگا۔

۶۔ NTFP رولز 2015 کی شق 10 کے تحت جاری ہونے والے اقرار نامہ کی تمام شرائط ٹھیکہ ہذا پر لاگو ہونگی۔

۷۔ مشکوک یا مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۸۔ ٹھیکہ کی منظوری اور رقم رائیلٹی جمع کرانے کے بعد گچھی کی ترسیل کے لیے ٹھیکیدار محکمہ سے فارم نمبر 24/25 حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔ بدوں حصول فارم نمبر 24/25 گچھی کی ترسیل کی صورت میں گچھی قابل ضبطی ہوگی۔

۹۔ ٹھیکیدار کے تعاون سے ڈویژن ہذا کی حدود میں ضبط شدہ گچھی بحق ٹھیکیدار واگزار کی جائے گی۔

۱۰۔ ٹھیکیدار اپنے نمائندگان کی فہرست دفتر ہذا کو فراہم کرنے کے پابند ہوگا۔

۱۱۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کی جانب سے مقررہ ٹیکسز جمع کروانے کا پابند ہوگا اور ٹھیکہ کے دوران حکومت کی جانب سے مزید کسی قسم کا ٹیکس لاگو ہوا تو وہ بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ راقم بغیر وجہ بتائے کوئی ایک ٹینڈر منظور یا تمام ٹینڈر مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۳۔ AJK PPRA رولز پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔

۱۴۔ دیگر تفصیلات دفتر ہذا سے دفتر اوقات کار میں اور اشتہار ہذا AJK PPRA کی ویب سائٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی دستیاب ہوگا۔

20/4/2020

ساجد ندیم

مہتمم جنگلات حویلی

فون نمبر 05823-921784